سوال

(260) حصول رزق کے لیے دعا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حصول رزق اوراس میں برکت کے حصول کے لیے کون سی دعا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حصول رزق کے لیے مجھے کوئی خاص دعا معلوم نہیں 'البتہ اللہ تعالیٰ کا ڈر حصول رزق کا سب سے قوی سبب ہے کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے :

وَمَن يَتَّقِ اللَّهَ يَجعَل لَهُ مَخرَجًا ﴿٢﴾ وَيَرزُقهُ مِن حَيثُ لا يَحتَسِبُ... ﴿٣﴾... سورة الطلاق

''اور جو کوئی اللہ سے ڈرے گا تو وہ اس کے لیے (رنج و محن سے) مخلصی کی صورت پیدا کر دے گا اور اس کو ایسی جگہ سے رزق دے گا جہاں سے (وہم و) گمان بھی نہ ہو۔''

اسی طرح آپ اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کریں کہ وہ آپ کو حلال 'پاکیزہ اور بابرکت رزق عطا فرمائے 'بلاشبہ اللہ تعالیٰ خشوع وخضوع سے دعا کرنے والے وں کو پسند فرماتا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے :

ادعونى أَستَجِب لَكُم ﴿٦٠﴾... سورة المؤمن

''تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری دعا کو قبول کروں گا۔''

نیز ارشاد باری تعالیٰ ہے :

وَإِذا سَأَلَكَ عِبادى عَنّى فَإِنّى قَريبٌ ۖ أُجيبُ دَعوَةَ الدّاعِ إِذا دَعانِ... ﴿١٨٦﴾... سورة البقرة

''اور (اے پیغمبر!) جب تم سے میرے بندے میرے بارے میں دریافت کریں تو (کہہ دیجیے) بلاشبہ میں (تمہارے) پاس ہوں۔ جب کوئی پکارنے واال مجھے پکارتا ہے تو میں اس کی دعا قبول کرتا ہوں۔''

بہر حال اللہ تمہارے کا ڈر اختیار کرنا اور اس سے دعا کرنا حصول رزق کا اہم سبب ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص205

محدث فتویٰ